شکتی فلمز کا

جانور

जानवर

اداکاران

شمی کپور، شکیلہ

ہیلن

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

چائنا ٹاؤن فلم کے

گانا نمبر ۱

لاکھوں حسینوں میں ہے گلزار چائنا ٹاؤن
دِل والوں کی ہے شام بہار چائنا ٹاؤن
آ کے تو دیکھو اِک بار چائنا ٹاؤن
چائنا ٹاؤن ۔ چائنا ٹاؤن ۔ چائنا ٹاؤن
دیکھو دیکھو جی بھر تو دیکھو
بِتی لگا ہیں ۔ یہ راہیں ۔ یہ رنگ رلیاں
یہ بہکی بہکی ۔ یہ مہکی مہکی
زُلفوں کی ماتی ، بل کھاتی ، لہراتی گلیاں
نمسکار! لاکھوں حسینوں ——
اوچنگ مچنگ چنیا : قاتل حسینہ
کرتی ہے پیارے ۔ اشارے ۔ سنبھل کے ذرا
او بابو آتا ۔ پرکھو نہ جاتا
یہ دِل کا پیالہ ۔ متوالا نہ چھلکے ذرا
بوشوں! لاکھوں حسینوں ——
راد کرے باتیں ، پیاری ہیں راتیں
تجھ کو دیوانہ ۔ مستانہ ، ہو جاتا ہے تو آجا
اد خود ہے مستی ، یہاں کی بستی

سارے عالم کو ارے غم کو، بھلانا ہے تو آ
آنٹیوں! لاکھوں حسینوں ـــ

گانا نمبر۲:۔ بار بار دیکھو، ہزار بار دیکھو
کہ دیکھنے کی چیز ہے ہمارا دلربا
ٹالی ہو ـ ٹالی ہو ـ ٹالی ہو
ہاں جی ہاں جی، اور بھی ہوں گے دلداریاں
لاکھوں والوں کی بہاریاں پر یہ بات کہاں
یہ بے مثال حسن، لا جواب یہ ادا ـ ٹالی ہو ـــ
دِل ملا، ایک جہان محفل مِلا
یا چراغ منزل ملا یہ نہ پوچھو کہ کہاں
نیا نیا یہ عاشقی کا راز ہے میرا ـ ٹالی ہو
بجے بلے اُٹھ کے مسٹر کہاں چلے
پیار یہ کہو میرے کیوں جلے
بیٹھے بھی جاؤ مہرباں
دُعا کرو تمہیں بھی ملے ایسا دلربا ـ ٹالی ہو ـــ

گانا نمبر۳:۔ دیکھو جی اِک بالا جوگی متوالا جوگی
دوار تیرے آئیو ری
آیا ہوں دوار تیرے ملنے کی آس لئے
تیرے درس کی ہیں انکھیوں میں پیاس لئے
نینوں کے پٹ کھول دیوانی کچھ بول دیوانی
مکھڑا کاہے چھپایو ری

نہ کسی دیس کا ہے نہ کسی گام کا ہے
جوگی کے تمکھ پہ بھجن اِک نام کا ہے
مِلن کا سہارا لے کے اِک تارا لے کے
من کا راگ سُنا یُوری
رکا ہے یہ روپ دھارا کوئی نہ بھید جانے
تو میری میں تیرا یہ دُنیا مانے نہ مانے
میں نے تو تیرا ہو کے دیوانہ دیکھا سارا زمانہ
چین کہیں نہ پایُوری —

گانا نمبر ۲:۔
ہم سے نہ پوچھو ہم کہاں چلے
یہ دِل جہاں لے چلا وہاں چلے
نظارے پیچھے پیچھے بہاریں پیچھے پیچھے
دیوانوں کا جدھر کارواں چلے — ہم سے نہ پوچھو —
دُنیا ہے شہر ارمانوں کا
بکھرے بکھرے افسانوں کا
فسانے سے سُناتے چلے ہیں ہم گاتے
کہ جیسے نغموں کا کارواں چلے — ہم سے نہ پوچھو —
سپنوں کا چمن ہے رنگ لئے
دھرتی ہے گگن کو سنگ لئے
ڈالی یہ کلی جھومے، دھنک جیسی چھوئے
قدم نلے جیسے آسماں چلے — ہم سے نہ پوچھو

نیا یہ چلے جب ہولے سے
پانی بن دمک گئے شعلے سے
نظر کو ملائے جو ہم لہرائے
تو لہروں نے پوچھا کہو کہاں چلے — ہم سے نہ پوچھو
گانا نمبر۵:۔ یما یما یما۔ سو پروانے ایک شمع
بہکاتے ہر دل والا دیکھو مچل نہ
کہتا ہے ہر کوئی مجھ کو جان تمنا — یما یما یما —
نظریں بچا کے میں کیسے جاؤں
رو کے زمانہ میں جھوم جھوم چل نہ پاؤں
تڑپے ہے ہر دل والا جی بھر کے آہیں
رکتی ہیں آ کر مجھ پہ سب کی نگاہیں — یما یما یما —
جس کو بھی دیکھو آج دل تھامے ہوئے ہے
آنکھوں میں مستی اور پیار باتوں میں ہے
چھلکے ہے سب کے دل میں چاہت کا پیالہ
ہر دل میں کیسے ڈولوں بن کے اجالا — یما یما یما —
محفل میں تیرے حسن کا شعلہ جو بھڑکے
پہلو میں بے قرار دل کیسے نہ دھڑکے — یما —
کیا تیری محفل ہے صنم — کھو گئے اللہ قسم
میری بہکی دھن پہ نہ جا — ساتھ میرے آ ابھی لگ جا
یا دلربا یا دلربا —
دل توڑ گئی تیری ادا ہائے رے کیسا درد دیا

میری جان میں تجھ پہ فدا ۔ یا دلربا یا دلربا
گانا نمبر ۱۲ ۔ رنگ نہ چھوٹے گا اُلفت کی نشانی ہے
کچھ تیرا فسانہ ہے کچھ میری کہانی ہے ۔ یہ رنگ ۔
لہرا کے اُٹھا موسم رُت بن کے قرار آئی
آئی تو مگر کتنا ترسا کے بہار آئی
ترسا کے بہار آئی پر کتنی سہانی ہے ۔ یہ رنگ ۔
آنکھیں ہیں تمہاری یا چھلکا ہوا پیمانہ
اپنا تو محبت میں دل ہو گیا دیوانہ
یا ہم ہی دیوانے ہیں یا رُت ہی دیوانی ہے ۔ یہ رنگ ۔
دیکھو نہ بھلا دینا اُن پیار کے وعدوں کو
تم ہی نہ بدل دینا چاہت کے ارادوں کو
جب پریت لگی تم سے کچھ میں نے بھی ٹھانی ہے ۔ یہ رنگ
گانا نمبر ۱۳ ۔ ہم سے مت پوچھو کہ ہم کیا کر گئے
کس طرح نظروں کا دامن بھر گئے
کوئی اُن کی شوخیاں دیکھا کیا
ہم تو اُن کی سادگی پر مر گئے ہائے اللہ قسم
بڑا قاتل ہے میرا یار چنا چن چن چو
ہاتھ میں تیر نہ تلوار چنا چن چن چو
ہائے یہ ناز کہ جس ناز پہ لیلیٰ مٹ جائے
ہائے یہ حسن کہ جس حسن پہ دُنیا کٹ جائے
دل اسے دیکھے تو مشکل ہے کہ خاموش رہے

میرا دمہ نہ کسی کو بھی اگر ہو غم رہے - ہائے صدقے ہے تجھ ایسا میرا دلدار جیا جن جن چو بڑا قاتل -

اُن کی ہر بات پہ نکلے نہ میرا دم کیسے
یہ ادائیں ہوں کہ قربان نہ ہوں ہم کیسے
کبھی اسطرح خفا جیسے کوئی پیار کرے
کبھی خاموش کہ جیسے کوئی اقرار کرے - اور
کبھی اقرار میں انکار جیا جن جن چو - بڑا قاتل -

ہم نے چاہا تھا کہ ظالم کو نہ چاہیں گے کبھی
اس ستمگر سے اب یوں نہ نبھائیں گے کبھی
پھر کریں کیا کہ ہمیں ہو کے خفا بھول گئے
جب ملی آنکھ تو سب جور وجفا بھول گئے - قسم خدا کی
کیا کریں آہی گیا پیار جیا جن جن چو - بڑا قاتل -

ختم شد

صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور ٹیکنک

دستکار اور

منتری بنانے والی کتابیں

الیکٹرک گائڈ 4/-/-	ونشکرما درپن 6/-/-
ورکشاپ گائڈ 4/-/-	الیکٹرک وائرنگ 4/-/-
موٹر گائڈ 4/-/-	نجراو نکشا 3/-/-
کروڈ آئیل 5/-/-	آئیل انجن گائڈ 5/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر 2/-/-	ٹریکٹر گائڈ 4/-/-
مکمل فوٹوگرافی 2/8/-	خنزری بیمائش جیب 1/4/-
روشنائی سازی 2/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر 2/-/-
خوبصورت بٹو 1/8/-	کاشتکاری باغبانی 4/-/-
نفیس عطر سازی 2/-/-	مکمل مرغی خانہ ہر سہ حصہ 4/-/-
گھڑی سازی 2/8/-	تمباکو کی دوکان 2/-/-
ریڈیو گائڈ 4/-/-	بوٹ پالش بنانا 2/8/-
صابون سازی 1/8/-	سینما شین آپریٹر 4/-/-
شیشہ سازی 2/-/-	بیکری بسکٹ بنانا 2/-/-
اچار، مربے، چٹنی 1/8/-	بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا 1/8/-
باورچی خانہ 2/8/-	آسان انگلش ٹیچر 2/-/-
مجموعہ فالنامہ 1/-/-	دھوپ اگربتی بنانا 1/8/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

الہ آباد پریس دہلی